# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

( شعبہ زرعی سائنسز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی طالب علم سے لکھوائیں گے تو اپ کا سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: پھلوں کی پیداوار (257)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: میٹرک**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز )

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 40**

## امتحانی مشق نمبر 1

**(یونٹ: 1 تا 4)**

**سوال نمبر 1۔** پھلوں کی برداشت اور سنبھال سے کیا مراد ہے؟ پھلوں کی برداشت اور سنبھال کے لیے ضروری اقدامات تحریر کریں۔ (20)

**سوال نمبر 2۔** کھجور کی افزائش نسل کے عملی اقدامات اور پیداواری منصوبہ بندی پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

**سوال نمبر 3۔** باغبانی پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ پھلوں کی معاشی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ گرم مرطوب اور معتدل علاقوں کے پھلوں کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پھل دار درختوں کو کھاد ڈالنے کے جدید طریقہ کاروں کی وضاحت کریں نیز مناسب اوقات کار کی اہمیت بیان کریں۔(20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر: 40**

# امتحانی مشق نمبر2

**(یونٹ:5تا9)**

سوال نمبر1۔ معتدل علاقوں کے پھلوں کے نام لکھیں نیز جامن کی پیداواری منصوبہ بندی پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ آلو بخارا کی افزائش نسل کے عملی اقدامات اور پیداواری منصوبہ بندی پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ وائرسی بیماریوں سے کیا مراد ہے؟ نیز پھلوں پر اثر انداز ہونے والی وائرسی بیماریوں کی تفصیل اور ان کا تدارک کے طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سرنگ بنانے والی سنڈی کی پہچان اور نقصان کا طریقہ کار بیان کریں نیز سست تیلا اور تنے کی سنڈی کے روک تھام کے طریقوں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ترشاوہ پھلوں کے لیے کون سے روٹ سٹاک استعمال کیے جاتے ہیں؟ نیز ترشاوہ پھلوں کی افزائش نسل کے طریقوں پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر: 40**

# امتحانی مشق نمبر3

**(یونٹ:10تا13)**

سوال نمبر1۔ موسمیاتی تبدیلی کے اہم محرکات پر روشنی ڈالیں نیز موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ آم کی مختلف اقسام کے نام لکھیں نیز آم کی سنبھال کے جدید طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ جدید دور میں پھلوں کی نامیاتی طریقہ سے کاشت کی اہمیت بیان کریں نیز نامیاتی طریقہ کو درپیش چیلنجز کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ موسمیاتی تغیر سے کیا مراد ہے؟ نیز موسمیاتی تغیر کو کم کرنے کے عملی اقدامات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ قدرتی گروتھ ریگولیٹر سے کیا مراد ہے؟ قدرتی گروتھ ریگولیٹر کا پھلدار درختوں پر استعمال کے فوائد تحریر کریں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر: 40**

# امتحانی مشق نمبر4

**(یونٹ:14تا18)**

سوال نمبر1۔۔ سی پیک کی پاکستان کی زراعت پر اثرات کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ پھلوں کی مارکیٹنگ پر اثر انداز ہونے والے عوامل کو اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ پھلوں کی ویلیو ایڈیشن سے کیا مراد ہے؟ نیز ویلیو ایڈیشن پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ پھلوں کو محفوظ کرنے کے مختلف طریقوں کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پھلدار پودوں کی شاخ تراشی پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)